ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com | dailydharti@gmail.com
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق | ایڈیٹر: عمر خیام
جلد 04 | ہفتہ 11 اکتوبر 2025ء، 17 ربیع الثانی 1447ھ، 26 اسوج 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 158

عوامی ایکشن کمیٹی کے اہم رہنماؤں کے خلاف دہشت گردی کے مقدمات درج، گرفتاریاں متوقع

ممبر کور کمیٹی شوکت نواز میر و دیگر کی جانب سے تیلم پل پر مظاہرین کو اکسایا گیا، پولیس پر حاوی ہونے کے بعد پرتشدد مظاہرے اور فائرنگ کی گئی جس کے دوران ایک نوجوان جاں بحق ہو گیا، متن مذکورہ واقعہ کی ہی ایف آئی آر ایکشن کمیٹی کے خلاف ایک دوسرے تھانے میں درج کروائی گئی جس میں واقعہ کا ذمہ دار مسلم کانفرنس کے امن مارچ کو قرار دیا گیا

دہشت گردی کی دفعات کے تحت انتشار و توڑ پھوڑ کے جرم میں ملوث عناصر کے خلاف کاروائی ایکشن کمیٹی اور مصالحتی کمیٹی کے مابین طے شدہ معاہدے کی پہلی شق کے تحت کاروائی کی گئی، ماہرین

مظفر آباد (عمر خیام) متاثرین پولیس نے جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی کور کمیٹی کے ممبران سمیت 2500 کے قریب نامعلوم مظاہرین کے خلاف ایک تحت تصادم درج کر لیا، میڈیا رپورٹس کے مطابق ایف آئی آر میں نوجوان کے قتل کے الزام میں دہشت گردی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا، مقدمہ میں ملزمان کے نام تو نہیں لیکن ایف آئی آر میں 2500 کے قریب نامعلوم مظاہرین کے خلاف ایک مقدمہ درج کر لیا گیا ہے جو کہ پولیس کے مطابق مظاہرین کے خلاف ایک ایف آئی آر درج کی گئی جس میں کہا گیا ہے کہ کور کمیٹی کے ممبران سمیت روڈ بلاکر مسلم لیگ ہاؤس کے سامنے 2 ہزار سے 25 ہزار مظاہرین کے ہمراہ پہلی پل پر روڈ بند کر کے احتجاج کر رہے تھے۔ ممبر کور کمیٹی نے پرتشدد واقعات پر مظاہرین (بقیہ 43 صفحہ 03)

جنوبی کشمیر میں فوجی آپریشن جاری، ایک شہری شہید

کوکر ناگ میں لاپتہ دو بھارتی کمانڈوز کی لاشیں مل گئیں

سری نگر/ (اے پی آئی) جموں کشمیر میں لاپتہ بھارتی فوجی کی تلاش کے لیے شروع کیے جانے والے فوجی آپریشن میں ایک شہری، راگیا ہے، مقامی پولیس کے مطابق اسلام آباد کے علاقے کوکر ناگ میں ملوث دہشت گردی کی تلاش کے لیے شروع کیے جانے والے فوجی آپریشن میں ایک شہری راگیا ہے، مقامی پولیس کے مطابق کوکر ناگ کے علاقے میں لاپتہ دو بھارتی کمانڈوز کی لاشیں مل گئی ہیں۔ اس علاقے میں ہونے والے فوجی آپریشن میں ایک شہری راگیا ہے، مقامی پولیس کے مطابق لاپتہ دو بھارتی کمانڈوز کی تلاش کے لیے شروع کیا گیا فوجی آپریشن جاری ہے، اس علاقے میں جاری دہشت گردی کی کارروائی کے دوران دو بھارتی کمانڈوز لاپتہ ہو گئے تھے۔ (بقیہ 42 صفحہ 03)

پاکستان 2035 کا تک چاند پر پہنچنے کی صلاحیت رکھنے کا دعویٰ

اسرائیل نے خلائی تحقیق اور سائنسی ترقی کے ذریعے یورپ سمیت دنیا کے کئی حصوں پر اثر و رسوخ قائم کر لیا

پاکستان کا خلائی ادارہ 2035 تک چاند پر پہنچنے کے لیے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائے گا، ڈاکٹر احسن اقبال

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر ڈاکٹر احسن اقبال نے کہا کہ فلسطین میں اسرائیلی جارحیت اس بات کا ثبوت ہے کہ اسرائیل نے خلائی تحقیق اور سائنسی ترقی کے ذریعے یورپ سمیت دنیا کے کئی حصوں پر اثر و رسوخ قائم کر لیا ہے، اگلے سال پاکستان کا پہلا خود انٹرنیوٹ ایسپیس شٹل پر جائے گا، پاکستان کا خلائی ادارہ 2035 تک چاند پر پہنچنے کے لیے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائے گا۔ ظلم جب بے پناہ ہو جائے تو مظلوم کو ہر طرف سے مدد ملتی ہے، مظلوم کو اپنی حمایت میں ہمدردی حاصل کرنی اور ظالم کی بلندیوں کو گھیرنے والی شان بے مسلمانوں کے تعمیری دور کا سرچشمہ ہے، جو کہ ورلڈ ایسپیس ویک (WSW) (بقیہ 44 صفحہ 03)

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں تحریک لبیک کے احتجاج کی وجہ سے مل بند

بار ایسوسی ایشنز نے ہمیشہ جمہوری اقدار کو زندہ رکھا، چیف جسٹس

سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی انتظامیہ نے وکلاء کی فلاح و بہبود اور عدلیہ کے وقار کی بحالی کیلئے بہترین کردار ادا کیا

بار اور بنچ کا چولی دامن کا ساتھ ہے، بار ایسوسی ایشنز کا سب سے بڑا کام عدلیہ اور بار کے تعلقات کو مثالی بنانا ہے

مظفر آباد (پی آئی ڈی) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے ایسوسی ایشن کی انتظامیہ کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ چیف جسٹس آزاد جموں و کشمیر جسٹس خواجہ محمد نعیم، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر راجہ شاہد محمود، سابق صدر چوہدری اکرم خان، سابق سینئر جج سپریم کورٹ جسٹس رضا علی خان، سابق سینئر جج سپریم کورٹ جسٹس خواجہ محمد نعیم، سابق چیف جسٹس آزاد جموں و کشمیر جسٹس ریاض احمد

روزنامہ دھرتی راولاکوٹ شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

الخدمت فاؤنڈیشن پونچھ متاثرین آفات وسیلاب میں امدادی کٹس تقسیم

یہ تنظیم انسانیت کی خدمت کو اپنا شعار سمجھتی ہے اور ہر مشکل وقت میں عوام کے شانہ بشانہ کھڑی رہتی ہے

الخدمت فاؤنڈیشن کی یہ کاوش متاثرین کے لیے نہ صرف مادی بلکہ اخلاقی سہارا بھی ہے، مقررین کا خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) الخدمت فاؤنڈیشن ضلع پونچھ کے زیر اہتمام حالیہ بارشوں اور طوفانی موسم سے متاثرہ خاندانوں میں انتہائی امدادی کٹس کی تقسیم کی گئی۔ اس خیراتی مرکز کا مقصد قدرتی آفت سے متاثرہ افراد کو فوری ریلیف فراہم کرنا تھا۔ کٹس میں ضروریات زندگی سے متعلق اشیاء شامل تھیں جو مقامی سطح پر ضرورت مند خاندانوں میں تقسیم کی گئیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے الخدمت فاؤنڈیشن ضلع پونچھ کے صدر شاہد حسین شاہد، صدر تنظیم اساتذہ ضلع پونچھ پروفیسر شاہد علاء، رابطہ کار ضلع پونچھ الخدمت فاؤنڈیشن ضلع پونچھ کے اقبال خواب، معروف ادیب و سماجی رہنما مولانا خالد محمود، کلاچی رابطہ کار ضلع پونچھ الخدمت فاؤنڈیشن ضلع پونچھ پروفیسر شاہد شاہین، ڈاکٹر ظہیر احمد، ڈاکٹر عبدالرحمان، ڈاکٹر عبدالرحمان، ڈاکٹر عبدالرحمان

بقیہ 1

ضروری اشیاء نہ ملنے پر برہمی، اور طبع غیر فطری استقلال کی ضرورتوں کی شدید ہے، آمدات بہت محدود ہیں، اس موقع پر اظہار تشویش کے اظہار کیا ہے کہ ہم اشیائے ضروریہ کی قلت کا پیشہ ور ذخیرہ اندوز اور مفاد پرست لوگ فائدہ اٹھا رہے ہیں، اور مطلق ضرورت کی اشیاء بلیک مارکیٹ زائد نرخ پر فروخت کی جا رہی ہیں، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ہم اپنے ملک کی زراعت کی پیداوار کی کوالٹی کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے، مصنوعات کی پیداوار کی کوالٹی کی بہتری کے لئے ہمیں ٹیکنالوجی کی ضرورت ہے، ہم اپنی کمی کمزوریوں کو دور کر کے ہی اپنی پیداوار کو بہتر بنا سکتے ہیں

Editorial

ادارتی صفحہ

روزنامہ کشمیر دھرتی
@www.dailydhartiajk.com M dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ✱ ایڈیٹر: عمر شیام

اسلامی نظریاتی کونسل کے فعال کردار کی ضرورت

اسلامی نظریاتی کونسل آزاد جموں وکشمیر کا باقاعدہ 110 واں اجلاس مورخہ 21 اکتوبر 2025 کو چیف جسٹس وچیئرمین کونسل جسٹس راجہ سعید اکرم خان کی زیر صدارت منعقد ہونے جا رہا ہے۔ یہ اجلاس اس لحاظ سے اہمیت کا حامل ہے کہ یہ تشکیل شدہ کونسل کا پہلا اجلاس ہے، جس میں نصرف مستقبل کی سمت کا تعین کیا جائے گا بلکہ آئندہ تین سال مدت کے دوران کونسل کو حقیقی معنوں میں فعال اور مؤثر بنانے کے لیے عملی اقدامات پر غور متوقع ہے۔ اسلامی نظریاتی کونسل کا بنیادی مقصد آزاد کشمیر میں قانون سازی اور حکومتی پالیسیوں کو اسلامی اصولوں سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ تاہم، بدقسمتی سے گزشتہ کئی برسوں سے کونسل کا کردار زیادہ تر علامتی اور غیر فعال دکھائی دیتا رہا ہے۔ ایسی صورتحال میں نئی کونسل سے یہ توقع کی جا رہی ہے کہ وہ محض رسمی اجلاسوں تک محدود نہیں رہے گی بلکہ عملی سطح پر معاشرتی وقانونی رہنمائی کا مؤثر ذریعہ بنے گی۔ چیف جسٹس راجہ سعید اکرم خان کی سربراہی میں یہ ادارہ بہتر سمت میں گامزن ہو سکتا ہے، بشرطیکہ اجلاس محض کارروائی کی حد تک نہ رہے بلکہ اس کے نتائج عوامی سطح پر محسوس کیے جائیں۔ اسلامی نظریاتی کونسل کو نہ صرف شرعی مطابقت کے پہلو سے قانون سازی کا جائزہ لینا چاہیے بلکہ موجودہ سماجی چیلنجز، جیسے خاندانی نظام کی بکھری صورت، اخلاقی زوال، تعلیمی وعدالتی شعبوں میں اسلامی اقدار کی کمزوری، اور نوجوان نسل میں مذہبی شعور کی کمی پر بھی علمی و تحقیقی بنیادوں پر سفارشات دینی چاہئیں۔

مزید برآں، کونسل کو اپنی سفارشات صرف فائلوں تک محدود رکھنے کے بجائے حکومت، پارلیمان اور عوام کے درمیان ایک فعال رابطے کا ذریعہ بنانا چاہیے۔ اگر کونسل کے فیصلے اور سفارشات کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ایک مؤثر فالو اپ میکانزم تشکیل دے دیا جائے تو یہ ادارہ آزاد کشمیر کی فکری، قانونی اور اخلاقی سمت درست کرنے میں کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے۔ اس موقع پر یہ بھی ضروری ہے کہ کونسل کے اجلاسوں کی کارکردگی شفاف انداز میں عوام کے سامنے لائی جائے تاکہ لوگ جان سکیں کہ ان کے نمائندے دینی رہنمائی اور قانون سازی کے میدان میں کیا کردار ادا کر رہے ہیں۔ اسلامی نظریاتی کونسل ایک مقدس ذمہ داری کی امین ہے۔ اگر یہ ادارہ اپنے قیام کے مقاصد کے مطابق سرگرم عمل ہو جائے تو آزاد جموں و کشمیر کے عدالتی وسماجی نظام میں حقیقی اسلامی روح پیدا کی جا سکتی ہے — اور یہی اس اجلاس سے وابستہ سب سے بڑی امید ہے۔

زک موٹر: ہماری دائمی منزل

کہتے ہیں ہر قوم کا کوئی نہ کوئی قومی نشان، قومی پھول یا قومی پرندہ اور قومی اثاثہ ہوتی ہے مگر پاکستانی قوم کو جو واحد چیز ہے جو یہیں مفت میں ملی، وہ ہے "زک موٹر"۔ یہ وہ واحد چیز ہے جو یہیں مفت میں ملی، اور ہم سے نے اسے دل سے لگا کر اپنا لیا کہ اب یہ ہماری قومی پہچان بن چکی ہے۔ ذہنی والے نہیں ہوتے جن کو ہم اکثر برس سے ایک ہی موٹر پر چپٹے ہوئے ہیں، مگر اس پر فخر ہے۔ قوموں کو بحران آتے ہیں، ہم تو بحران کے مستقل کرایہ دار ہیں۔ کبھی توانائی کا بحران آتا ہے، کبھی پانی کا بحران، کبھی غذائی بحران، کبھی سیاسی بحران، کبھی آئینی بحران، کبھی عدالتی بحران، کبھی معاشی بحران، کبھی سماجی بحران، کبھی اخلاقی بحران، کبھی ماحولیاتی بحران، کبھی آبی بحران، کبھی سرحد